DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk
ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
اسلام آباد
THURSDAY, OCTOBER 3, 2024
جلد نمبر 30 | جمعرات 28 ربیع الاول 1446ھ 3 اکتوبر 2024ء 19 اسوج 2081 ب | شمارہ 213
فون نمبر: 051-2891830۔ فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 10 قیمت 30 روپے

اسلام آباد: بحرین کے محتسب کے وفد کا وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ کے ساتھ گروپ فوٹو

بحرین کے وفد کا دورہ وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت سیکرٹریٹ

اسلام آباد (نامہ نگار) بحرین کے محتسب جنرل سیکرٹریٹ کے ایک وفد نے وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ وفد میں ڈویلپمنٹ ڈویژن کے چیف اور تحقیقاتی ماہرین محمد توفیق عیل تقی، خالد عیسیٰ فارس، فہد مرداس الدوسری، سلمان احمد علی رمضان حسین، عبد الخالد مبارک محمد بندینا اور مروہ احمد عبدالرحمٰن محمد حسین شامل تھے۔

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات اسلام آباد

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمٰن

شمارہ	قیمت 30 روپے	صفحات 8	جمعرات 28 ربیع الاول 1446ھ 3 اکتوبر 2024ء 19 اسوج 2081 ب	جلد
231	www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com			13



اسلام آباد: ترقیاتی ڈویژن کے چیف محمد توفیق علی تقی کی سربراہی میں بحرین محتسب کے پانچ رکنی وفد کا وفاقی ٹیکس محتسب آصف جاہ کے ساتھ گروپ فوٹو

بحرین کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا دورہ، اے او اے کی کارکردگی بریفنگ

وفد پاکستان میں احتساب کے تصور اور محتسب کے اداروں کے بارے ایک مطالعاتی دورے پر ہے، تجربات سے استفادہ پر زور

توفیق علی تقی کی سربراہی میں آمد پر وفد کو وفاقی محتسب کے مینڈیٹ، شکایات کے اندراج، کام کے طریق کار بارے بریفنگ

اسلام آباد (نئی بات نیوز) بحرین محتسب کے سیکرٹریٹ جنرل کے پانچ رکنی وفد نے ترقیاتی ڈویژن کے چیف محمد توفیق علی تقی کی سربراہی میں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ وفد پاکستان میں احتساب کے تصور اور محتسب کے اداروں کے بارے ایک مطالعاتی دورے پر ہے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ آمد پر وفد کو وفاقی محتسب کے مینڈیٹ، شکایات کے اندراج، کام کے طریق کار اور بدانتظامی کے خلاف جلد انصاف کی فراہمی کے بارے میں اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں ایڈوائزر شاہد ہمایوں نے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کے قیام کا مقصد بدانتظامی کی شکایات کا ازالہ اور گڈ گورننس کا قیام ہے۔ وفاقی محتسب کا یہ ادارہ اپنی خدمات کو بہتر بنانے اور ملک کے پسماندہ اور دور دراز علاقوں تک اپنی رسائی کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔ یہ ادارہ جنوری 1983ء میں قائم ہوا تو ابتداء میں اس کے صرف چار علاقائی دفاتر تھے جو اب بڑھ کر 24 ہو گئے ہیں جس سے ملک کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے عوام کی وفاقی محتسب تک رسائی میں اضافہ ہوا ہے۔ وفد نے بعد ازاں وفاقی محتسب میں قائم ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) سیکرٹریٹ کا بھی دورہ کیا، جہاں سینئر ایڈوائزر اور اے او اے کے ایگزیکٹو سیکرٹری عبدالمعز بخاری نے وفد کو پاکستان کے بین الاقوامی کردار اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔

www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت، ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

LOCAL EDITION THURSDAY OCTOBER 03, 2024

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

جلد 66 | جمعرات 28 ربیع الاول 1446ھ 3 اکتوبر 2024ء 19 اسوج 2081ب | نمبر 271

روزنامہ جنگ راولپنڈی جمعرات 3 اکتوبر 2024ء

صدر مملکت کا CAA کو متوفی ملازم کے بیٹے کی ایک ماہ میں تقرری کا حکم

نعیم احمد کے والد کا سروس کے دوران میں انتقال ہوا، عمر کی حد مکمل ہونے پر تعیناتی کا اہل قرار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر آصف علی زرداری نے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ متوفی ملازم کے بیٹے کی تقرری ایک ماہ کے اندر قانون کے مطابق کرے۔ ایوان صدر کے مطابق فہیم احمد (شکایت کنندہ) نے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے خلاف "متوفی ملازمین" کے کوٹے پر تقرری نہ کرنے کی شکایت کی تھی۔ درخواست گزار کے مطابق ان کے والد پی سی اے اے کے ملازم تھے اور ان کا انتقال سروس کے

باقی صفحہ 5 نمبر 7

بقیہ تقرری حکم 7

دوران 1999 میں کینسر کے باعث ہوا۔ چونکہ وہ اس وقت نابالغ تھا، اس لیے وہ "متوفی ملازمین" کوٹہ پر تقرری کے لیے اہل نہیں تھا۔ جب عمر پوری ہونے پر نوکری کے لیے درخواست دی تو بغیر کسی جواز کے ان کی درخواست کو مسترد کر دی گئی۔ درخواست گزار نے اپنی شکایت کے ازالے کے لیے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی سے رجوع کیا لیکن وہاں پر بھی داد رسی نہیں ہو سکے۔ جس کے بعد پریشانی میں اپنی شکایت کے حل کے لیے وفاق محتسب سے رابطہ کیا۔ محتسب نے فیصلہ کیا کہ شکایت کنندہ پی اے سی سی کے خلاف بدانتظامی کا کوئی مقدمہ بنانے میں ناکام رہا ہے کیونکہ اس کی درخواست کے وقت فیملی اسسٹنس پیکیج لاگو نہیں تھا۔ اس کے بعد شکایت کنندہ نے صدر کے پاس محتسب کے حکم کے خلاف درخواست دائر کی، صدر مملکت نے سول اپیل نمبر 410 / 2020 مورخہ 02-06-2021 میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے پر بھی انحصار کیا اور شکایت کنندہ کی درخواست منظور کرتے ہوئے سول ایوی ایشن اتھارٹی کو ہدایت دی کہ وہ ایک ماہ کے اندر قانون کے مطابق تقرری کے لیے اس کی درخواست پر کارروائی کرے۔